# هدایۃ النحو کی تعریفات

جامعہ المدینہ فیضان ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ

(استاد محترم علامہ مولانا محمد سلیم حیدر العطاری المدنی)

## 1. نحو کی تعریف

نحو ایسا علم ہے جس کے ذریعے تین کلموں کے آخر کے احوال کو اعراب و بناء کی حیثیت سے جانا گیا ہو اور بعض کی بعض کے ساتھ ترکیب کرنے کا طریقہ معلوم ہو -

## 2 . کلمہ کی تعریف

کلمہ ایسا لفظ ہے جو مفرد معنی کے لئے وضع کیا گیا ہو

## 3 .اسم کی تعریف

ایسا کلمہ جو بذات خود اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنیٰ تین زمانوں میں سے کسی ایک کے ساتھ ملا ہوا نہ ہو جیسے قلم -

## 4 . فعل کی تعریف

ایسا کلمہ جو بذات خود اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی کسی زمانہ سے ملا ہوا ہو جیسے ضرب یضرب۔

## 5 . حرف کی تعریف

ایسا کلمہ جو بذات خود اپنے معنی پر دلالت نہ کرے بلکہ کسی اور کے معنی پر دلالت کرے جیسے من

## 6 . کلام کی تعریف

ایسا لفظ جو دو کلموں کی اسناد پر مشتمل ہو اسناد سے مراد یہ ہے کہ ایک کلمہ کی نسبت دوسرے کلمہ کی طرف اس طرح کی جائے کہ سننے والے کو ایسا کامل فائدہ حاصل ہو کہ اس پر ( فائدے کے حاصل ہونے پر) خاموش ہونا درست ہو جیسے زید قائم

## 7 .اسم معرب کی تعریف

ہر وہ اسم جو غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو جیسے قام زید

## 8 . اعراب کی تعریف

اعراب وہ جس کے ذریعے معرب کا آخر بدلے خواہ وہ حرف کے ذریعے ہو یا حرکت کے ذریعے

## 9 . عامل کی تعریف

جس کے سبب یا جس کے ذریعے رفع نصب اور جر آئے

## 10۔صحیح کی تعریف

نحویوں کے نزدیک صحیح وہ ہے جس کے آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے زید

## 11 . غیر منصرف کی تعریف

وہ اسم معرب جس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے دو سبب یا ایک ایسا سبب پایا جائے جو دو کہ قائم مقام ہو
.

## 12 . منصرف کی تعریف

وہ اسم معرب جس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے کوئی دو سبب یا ایک سبب بھی ایسا نہ پایا جائے جو دو کے قائم مقام ہو

## 13 ۔ فاعل کی تعریف

ہر وہ اسم جس سے پہلے ایسا فعل یا صیغہ صفت ہو جس کی نسبت اس اسم کی طرف اس طرح کی گئی ہو کہ وہ فعل یا صیغہ صفت اس کے ساتھ قائم ہو اس طرح نہیں کہ وہ اس پر واقع ہو جیسے قام زید

## 14۔مؤنث حقیقی کی تعریف

وہ مؤنث جس کے مقابلے میں نر جاندار ہو جیسے زینب

## 15 ۔ تنازع فعلین کی تعریف

جب دو فعلوں کا مابعد اسم ظاہر ہو اور ان دونوں میں سے ہر ایک یہ ارادہ کرے کہ وہ اس اسم میں عمل کرے

## 16 ۔ نائب الفاعل کی تعریف

نائب الفاعل ہر ایسا مفعول جس کے فاعل کو حذف کردیا ہو اور اس مفعول کو فاعل کے قائم مقام لایا گیا ہو جیسے ضرب زید

## 17 . مبتدا اور خبر کی تعریف

مبتدا اور خبر یہ دونوں ایسے اسم ہیں جو عوامل لفظیہ سے خالی ہوتے ہیں ان دونوں میں سے ایک مسند الیہ ہوتا ہے جسے مبتدا کہتے ہیں اور دوسرا مسند بہ ہوتا ہے جسے خبر کہتے ہیں جیسے زید قائم

## 18۔ حروف مشبہ بالفعل کی خبر کی تعریف

وہ لفظ جو حروف مشبہ بالفعل کے داخل ہونے کے بعد مسند ہو جیسے ان زیدا قائم

## 19۔ حروف مشبہ بالفعل کے اسم کی تعریف

وہ لفظ جو حروف مشبہ بالفعل کے داخل ہونے کے بعد مسند الیہ ہو جیسے ان زیدا قائم

## 20 . فعل ناقص کے اسم کی تعریف

جو افعال ناقصہ کے داخل ہونے کے بعد مسندالیہ جیسے کان زید قائما

## 21 . فعل ناقص کی خبر کی تعریف

جو افعال ناقصہ کے داخل ہونے کے بعد مسند ہو جیسے کان زید قائما

**21 . فعل ناقص کی خبر کی تعریف**

جو افعال ناقصہ کے داخل ہونے کے بعد مسند ہو جیسے کان زید قائما

**22 . ما اور لا مشابہ بلیس کے اسم کی تعریف**

جو ان دونوں کے یعنی ما اور لاکے داخل ہونے کے بعد مسندالیہ جیسے ما زید قائما

**23 .ما اور لا مشابہ بلیس کی خبر کی تعریف**

جو ان دونوں یعنی ما اور لا کے داخل ہونے کے بعد مسند ہو جیسے ما زید قائما

**24 . لائے نفی جنس کے اسم کی تعریف**

جو لائے نفی جنس کے داخل ہونے کے بعد مسندالیہ ہو

**25 .لائے نفی جنس کی خبر کی تعریف**

جو لائے نفی جنس کے داخل ہونے کے بعد مسند ہو جیسے لا رجل قائم

## 26 . مفعول مطلق کی تعریف

مفعول مطلق ایسا مصدر ہے جو ماقبل مذکور فعل کا ہم معنیٰ ہو جیسے ضربت ضربا یہ تین طرح استعمال ہوتا ہے کبھی تاکید کے لیے ذکر کیا جاتاہے کبھی نوع کے بیان کے لیے اور کبھی عدد کے بیان کے لیے

## 27 .مفعول بہ کی تعریف

مفعول بہ وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو یعنی کرنے والے کا کام ضرب زید عمروا

## 28 . تحذیر کی تعریف

فعل مقدر کا ایسا مفعول بہ جس کو مابعد سے ڈرانے کے لئے ذکر کیا جائے یا محذر منه کو بار بار ذکر کیا جائے

## 29 . منادیٰ کی تعریف

منادیٰ وہ اسم ہے جس کو حرف نداء کے ذریعے متوجہ کیا جائے لفظا جیسے یا عبداللہ

## 30 . ترخیم منادی کی تعریف

منادیٰ کے آخر سے کسی لفظ کو تخفیف کی وجہ سے حذف کرنا ترخیم منادیٰ کہلاتا ہے

## 31 . مندوب کی تعریف

وہ اسم جس پر واو یا یاء کے ذریعے اظہار رنج کیا جائے جیسے یا زیداہ

## 32 . مفعول فیہ کی تعریف

وہ اسم زمان یا مکان جس میں فاعل کا فعل واقع ہو

## 33 .مفعول لہ کی تعریف

وہ اسم جس کی وجہ سے اس سے پہلے فعل مذکور واقع ہو

## 34 . مفعول معہ کی تعریف

وہ جو ایسی واو کے بعد مذکور ہو جو معہ کے معنی میں ہو فعل کے معمول کو شریک کرنے کے لئے

## 35۔حال کی تعریف

ایسا لفظ جو فاعل یا مفعول بہ یا دونوں کی حالت بیان کرنے پر دلالت کرے جیسے جأنی زید راکبا

## 36 ۔ تمییز کی تعریف

وہ اسم نکرہ جسے عدد کیل وزن مساحت یا اس کے علاوہ ہر وہ چیز جس میں ابہام ہو اس کے بعد ذکر کیا جائے تو وہ اسم نکرہ اس ابہام کو دور کر دیتا ہے جیسے عندی عشروں درھما

## 37 ۔ مستثنی کی تعریف

مستثنیٰ وہ لفظ ہے جس کو إلا اور اس کے ہم جنس کے بعد ذکر کیا جائے تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ اس کی طرف وہ حکم منسوب نہیں جو الا کے ماقبل کی طرف منسوب ہے جیسے جاءنی القوم الا زیدا

## 38۔مستثنی منقطع کی تعریف

وہ ہے جسے الا یا دیگر حروف استثناء کے بعد ذکر کیا گیا مگر اسے متعدد سے نہ نکالا گیا ہوں کیونکہ وہ مستثنی منہ میں داخل ہی نہیں ہوتا جیسے جاءنی القوم الا حمارا

## 39 . مستثنی متصل کی تعریف

وہ مستثنی جسے الا اور اس کے ہم معنیٰ کہ ذریعے متعدد افراد کے حکم سے نکالا گیا ہو جیسے
جاءنی القوم الا زیدا

## 40 . کلام موجب کی تعریف

کلام موجب وہ کلام ہے جس میں نفی نہی یا استفہام نہ ہو

## 41.کلام غیر موجب کی تعریف

وہ کلام جس میں نفی نہی یا استفہام ہو

## 42 . مضاف الیہ کی تعریف

یہ ہر وہ اسم جس کی طرف کسی شیء کی نسبت حرف جار کے واسطے سے کی گئی ہو لفظاً یعنی لفظی
عمل کر رہا ہو

**44 ۔اضافت لفظیہ کی تعریف**

وہ اضافت جس میں صیغہ صفت اپنے معمول کی طرف مضاف ہو جیسے ضارب زید

**45 ۔ تابع کی تعریف**

تابع ہر وہ دوسرا لفظ جو اعراب میں ایک ہی جہت سے پہلے لفظ کے مطابق ہوتا ہے جیسے جاءنی رجل عالم

**46 ۔صفت کی تعریف**

ایسا تابع جو آپنے متبوع یا اس کے متعلق میں پائے جانے والے معنی پر دلالت کرےاسے صفت بھی کہتے ہیں جیسے جاءنی رجل عالم۔

**47 ۔صفت حقیقی کی تعریف**

وہ صفت جو اپنے متبوع میں پائے جانے والے معنی پر دلالت کرے -

**48 ۔ صفت سببی کی تعریف**

وہ صفت جو اپنے متبوع کے متعلق میں پائے جانے والے معنی پر دلالت کرے

## 49 . عطف بالحرف کی تعریف

عطف بالحرف ایسا تابع ہے جس کی طرف وہ چیز منسوب کی جائے جو اس کے متبوع کی طرف منسوب کی گئی ہے اور وہ دونوں یعنی تابع اور متبوع اس نسبت سے مقصود ہوں

## 50 .تاکید کی تعریف

تاکید ایسا تابع ہے جو اپنے متبوع کی تقریر یعنی پختگی پر دلالت کرے اس کی طرف منسوب کی گئی ہے یا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حکم متبوع کے تمام افراد کو شامل ہے

## 51 . تاکید لفظی کی تعریف

وہ تاکید جس میں لفظ تکرار کے ساتھ لایا جائے جیسے جاءنی زید زید

## 52 . تاکید معنوی

وہ تاکید جو مخصوص الفاظ سے حاصل ہو جیسے جاءنی زید نفسہ

## 53 ۔ بدل کی تعریف

بدل وہ تابع جسکی طرف وہ چیز منسوب کی گئی ہو جو اس کے متبوع کی طرف منسوب کی گئی ہے
اور اس نسبت سے مقصود تابع ہو نکہ اس کا متبوع

## 54 ۔ بدل کل کی تعریف

وہ بدل جس کا مدلول متبوع کا مدلول ہو یعنی وہ بدل جس کا مدلول وہی ہو جو اس کے متبوع کا مدلول ہے
جیسے جاءنی زید اخوک

## 55 ۔ بدل بعض کی تعریف

وہ بدل جس کا مدلول متبوع کے مدلول کا جزء ہو جیسے ضربت زید ر أسہ

## 56 ۔ بدل اشتمال کی تعریف

وہ بدل جس کا مدلول متبوع کا متعلق جیسے سلب زید ثوبہ

## 57 ۔ بدل غلط کی تعریف

وہ بدل جس کو غلطی کے بعد ذکر کیا جائے جیسے رأیت رجلا حمارا

## 58. عطف بیاں کی تعریف

ایسا تابع جو صفت نہ ہو متبوع کی وضاحت بیان کرے جیسے قام أبو حفص عمر

## 59. اسم مبنی کی تعریف

وہ ایسا اسم جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب واقع نہ ہو یا مبنی الاصل کے مشابہ ہو کہ اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے کیلئے کسی قرینہ کا محتاج ہو جیسے زید , ھٰؤلاء وغیرہ

## 60 . ضمیر کی تعریف

ایسا اسم جس کو متکلم, مخاطب یا غائب پر دلالت کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہو جیسے انا, انت وغیرہ

## 61 . ضمیر متصل کی تعریف

وہ ضمیر جس کو اکیلا استعمال نہ کیا جا سکتا ہو جیسے ضربت

## 62. ضمیر منفصل کی تعریف

وہ ضمیر جس کو اکیلا استعمال کیا جا سکتا ہو جیسے آنا

## 63.اسمائے کنایہ کی تعریف

وہ اسماء جو عدد مبھم یا حدیث مبھم یعنی مبھم عدد یا مبھم بات پر دلالت کریں جیسے کَمْ کَیْتَ

## 64. معرفہ کی تعریف

ایسا اسم جو کسی معین شی کیلئے وضع کیا گیا ھو جیسے زَیْدٌ

## 65 . نکرہ کی تعریف

ایسا اسم جو کسی معین شی کیلئے وضع نہ کیا گیا ہو جیسے رجلٌ.

## 66 .اسماء عدد کی تعریف

وہ اسماء جن کی زریعے کسی شئ کے افراد کو شمار کیا جائے ان اسماء کو اسماء اعداد کہتے ہیں جیسے عشرۃ رجال

## 67. اسم مذکر کی تعریف

جس میں علامت تانیث نہ ہو جیسے زیدٌ

## 68.اسم مونث کی تعریف

۔ وہ اسم جس میں علامت تانیث ہو لفظا یا تقدیرا جیسے حبلیٰ

## 69. تثنیہ کی تعریف

تثنیہ وہ اسم ہے جس کے آخر میں ایسا الف یا یاء ملادیا گیا ہو جس کا ماقبل مفتوح ہو اور نون مکسورہ ملا دیا گیا ہو تاکہ وہ اس بات دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اس جیسا دوسرا بھی ہے جیسے رجلان ، رجلین

## 70 . مجموع کی تعریف

جمع وہ اسم ہے جو مفرد کے حروف میں تھوڑی تبدیلی کرنے کے ساتھ کئی افراد پر دلالت کرے۔رجل سے رجال

## 71. جمع مصحّح(جمع سالم ) کی تعریف

:وہ جمع جس میں واحد کی بناء تبدیل نہ ہو۔جیسے صالح سے صالحون

## 72. جمع مذکر سالم کی تعریف

وہ جمع جس کے آخر میں ایسی واو ہو جس کا ماقبل مضموم ہو اور نونِ مفتوح ملا دیا گیا ہو ( جیسے مسلمون ) یا ایسی یاء ہو جس کا ماقبل مکسور ہو اور نونِ مفتوح ملا دیا گیا ہو تاکہ وہ نونِ مفتوح اس بات پر دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اس جیسے بہت سارے ہیں (جیسے مسلمین )۔

## 73۔ جمع مونث سالم کی تعریف

وہ جمع جس کے اخر میں الف اور تاء ملا دیا گیا ہو ۔ جیسے مسلمة سے مسلمات

## 74 ۔ جمع مکسر کی تعریف

وہ جمع جس میں واحد کی بناء تبدیل ہو جائے۔جیسے رجل سے رجال

## 75 ۔ جمع قلّت کی تعریف

وہ جمع جس کا اطلاق دس یا اس سے کم پر ہوتا ہو ۔جیسے أقلام

## 76 ۔ جمع کثرت کی تعریف

وہ جمع جس کا اطلاق دس سے اوپر کیلئے کیا جاتا ہو۔جیسے کتب ، مساجد

## 79۔ مصدر کی تعریف

وہ اسم جو فقط حدث ( یعنی مصدری معنی ) پر دلالت کرے اور اس سے افعال مشتق ہوتے ہوں۔جیسے الضرب ، النصر

**80 ۔اسم فاعل کی تعریف**

وہ اسم جو فعل سے مشتق کیا گیا ہو تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس کے ذریعے فعل حدوثی معنی پر قائم ہے۔جیسے فاعل ، ضارب ، ناصر

**81 ۔اسم مفعول کی تعریف**

وہ اسم جو فعل متعدی سے مشتق کیا گیا ہو تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو۔ جیسے مضروب ، مستخرَج

**82 ۔ صفة مشبّهة کی تعریف**

وہ اسم جو فعل لازم سے مشتق کیا گیا ہو تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس کے ذریعے فعل ثبوتی (دائمی )معنی پر قائم ہے۔ جیسے حسن ،کریم

**83 ۔ اسم تفضیل کی تعریف**

وہ اسم جو فعل سے مشتق کیا گیا ہو تاکہ اس ذات پر دلالت کرے جس میں اس کے غیر کے مقابلے میں مصدری معنی میں زیادتی پائی جائے۔ جیسے زید أفضل الناس

## 84 . ماضی کی تعریف

وہ فعل جو تمہارے زمانے سے پہلے والے زمانے پر دلالت کرے۔ جیسے نصر

## 85 . مضارع کی تعریف

وہ فعل جس کے شروع میں حروف أتَیْن میں سے کوئی حرف ہو اور وہ اسم سے مشابہت رکھتا ہو ۔جیسے یضرب

## 86 . امر کی تعریف

ایسا صیغہ جس کے ذریعے مخاطَب فاعل سے کوئی کام طلب کیا جائے۔جیسے انصر ، صرّف

## 87 . مفعول ما لم یسمّ فاعلہ (نائب الفاعل ) کی تعریف

وہ فعل جس کے فاعل کو حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے مفعول کو فاعل کے قائم مقام کر دیا گیا ہو ۔جیسے ضُرِبَ زید

## 88 . فعل متعدی کی تعریف

وہ فعل جس کے معنی کا سمجھنا فاعل کے علاوہ کسی دوسرے متعلق پر موقوف ہو۔جیسے ضرب ،اعطی

## 89 ۔فعل لازم کی تعریف

وہ فعل جس کے معنی کا سمجھنا فاعل کے علاوہ کسی دوسرے متعلق پر موقوف نہ ہو۔
جیسے قعد ،ذھب

## 90 . افعال قلوب کی تعریف

وہ افعال جو مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے ہیں اور ان دونوں کو مفعولیۃ کی بنا پر نصب دیتے ہیں۔جیسے علمت زیدا عالما

## 91 . افعال ناقصہ کی تعریف

ایسے افعال جو اپنے مصدر کی صفت کے علاوہ کسی دوسری صفت کو اپنے فاعل کیلئے ثابت کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہوں ۔جیسے کان زید قائما

## 92 ۔افعال مقاربہ کی تعریف

وہ افعال جو اپنے فاعل کیلئے خبر کے قریب ہونے پر دلالت کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔جیسے عسی زید أ ن یقوم

**93 ۔ افعال تعجب کی تعریف**

وہ افعال جنہیں تعجب کے اظہار کیلئے وضع کیا گیا ہو ۔جیسے ما احسن زیدا

**94۔افعال مدح و ذم کی تعریف**

وہ افعال جنہیں کسی کی تعریف یا مذمت کے اظہار کیلئے وضع کیا گیا ہو
جیسے۔ نعم الرجل زید

**95 ۔حروف جارہ کی تعریف**

وہ حروف ہیں جو فعل ، شبہ فعل یا معنی فعل کو اپنے مدخول تک پہنچانے کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔أنا مارّ بزید